لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۳ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ جون سنہ ۱۹۱۶ء

رپورٹ مفصل دیوان صدر سے واضح ہوا کہ ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء کی آخر تاریخ تک تعطیل رہی۔ ایسی حالت میں اگلی بار سال تمام کے حسابات ۲۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے قبل مجرا و صاف ہو جانا چاہئیں۔ ۲۵ ستمبر کے بعد پھر کوئی حساب خرچ میں نہ پڑے بجائے احکام اطلاعی جاری ہوں اور رپورٹ دیوان صدر و نقل حکم ہذا درج گزٹ ہو

دستخط [illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میر سامان

جناب عالی

نقشۂ تعطیلات کے معائنہ سے واضح ہوا کہ امسال ۲۶ر ستمبر سے ۳۰ ستمبر تک تعطیلات عید الضحیٰ ہیں اور ۱۵ر اکتوبر سے تعطیلات شروع ہو کر آخر اکتوبر تک عشرۂ محرم کی تعطیلات رہینگی۔ چونکہ عین وقت سالتمام حسابی پر تعطیلات عشرۂ محرم آگئی ہیں۔ جن میں کوئی کام سالتمام کے متعلق نہیں ہو سکتا ہے اسلیے اگر مناسب پائے جہاں آرائے بندگان حضور انور ہو تو ایسا انتظام فرما دیا جائے کہ جملہ صیغہ جات اور محکمہ جات خصوصًا آتمیرات۔ اسٹیٹ فیکٹریز و کارخانجات متعلق ذات خاص سے آخر اگست تک کے جمع خرچ ہائے مصارف مکمل و مرتب ہو کر داخل ہو جاویں۔ اور بقیہ ایام میں جانچ کمیٹی و جانچ آڈٹ سے نکل کر ۲۵ر ستمبر ۱۹۱۶ء تک احکام مجرائی صادر ہو جاویں۔ تاکہ ۱۴ر اکتوبر تک حساب سالتمام بند کر دیا جاوے۔ اور یہ بھی اجلاس اقدس پر پوشیدہ نہ ہے۔ کہ ماہ جون قریب الاختتام ہے گویا نو ماہ ختم ہو چکے ہیں لیکن جمع خرچ ہای مصارف کا اسوقت تک صدور و ورود بہت کم ہے جس سے پایا جاتا ہے کہ امسال حسابات کارخانجات بہت زیادہ تعداد میں آنیوالے باقی ہیں۔ آئندہ جو حکم عالی ہو اولی والنسب ہر زیادہ حد ادب دولت جاوید باد۔

[illegible] دستخط [illegible] القدر
معروضہ ۲۷ر جون ۱۹۱۶ء

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع تاریخ ۳۰ر جون ۱۹۱۶ء

حسب ملاحظہ چٹھی صاحب آفیسر کمانڈنگ افسر بہادر امپیریل سروس انفنٹری مورخہ ۲۴ر جون ۱۹۱۶ء معلوم ہوا۔ کہ بنظر انجام دہی خدمات پسندیدہ بمقام میدان جنگ میجر عبد الکریم خان کمانڈنگ افیسر رامپور امپیریل سروس انفنٹری کو ہز ایکسلنسی نواب گورنر جنرل بہادر کشور ہند نے دو سرے کلاس کا تمغہ آرڈر آف برٹش انڈیا معہ خطاب بہادری مرحمت فرمانا منظور فرمایا ہے اسلئے ما بدولت و اقبال منظور فرماتے ہیں۔ کہ آئندہ جملہ تحریرات سرکاری میں میجر عبد الکریم خان کے نام کے بعد لفظ "بہادر" تحریر ہوا کرے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ انفنٹری فورسیز کے پاس اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ فقط

[illegible]

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مستقلی

۳۰ر جون ۱۹۱۶ء

حسب عرضداشت صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر بوجہ انقضائے خدمت معینہ شش ماہ احکام مستقلی آنریری پانچ مجسٹریٹ صاحبان جاری فرمائے گئے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۶ر جون ۱۹۱۶ء

رخصت ایک ہفتہ مطلوبہ منشی حبیب شاہ خان تحصیلدار سابق معدقہ حاکم صاحب صدر بوجہ علالت منظور کی گئی۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ر جون ۱۹۱۷ء لغایۃ ۲۸ر جون ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۲ر جون ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۳ر " " شنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۴ر " " یکشنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۵ر " " دوشنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۶ر " " سہ شنبہ	۰	۸	۷	۳۵	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۷ر " " چہارشنبہ	۰	۸	۰	۳۵	۱۱	۶۲	۰	۱۰		۱۳	۰	۲۳
۲۸ر " " پنجشنبہ	۰	۸			۰	۶۲						

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۴ر جون ۱۹۱۷ء لغایۃ ۳۰ر جون ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۶ار		۹ ۶ار	۱۰ ۶ار	۱۱ ۶ار	۹ ۶ار	
نخود خالص	۱۱ ۶ار		۱۲ ۶ار	۱۳ ۶ار	۱۱ ۶ار	۱۳ ۶ار	
نخود کرا میز	۱۲ ۶ار		۱۳ ۶ار	۵ ۶ار	۱۵ ۶ار	۱۳ ۶ار	
کستہ	۱۳ ۶ار		۱۳ ۶ار	۱۴ ۶ار	۱۴ ۶ار	۱۴ ۶ار	
ماش	۷ ۶ار		۸ ۶ار	۰	۷ ۶ار	۷ ۶ار	
مونگ	۸ ۶ار		۸ ۶ار	۰	۷ ۶ار	۸ ۶ار	
مکا	۱۲ ۶ار		۱۲ ۶ار	۰	۱۴ ۶ار	۰	
جئی	۱۴ ۶ار		۱۳ ۶ار	۱۴ ۶ار	۱۵ ۶ار	۱۱ ۶ار	
کوجی	۰		۱۲ ۶ار	۱۲ ۶ار	۰	۱۲ ۶ار	
عدس	۹ ۶ار		۱۰ ۶ار	۱۰ ۶ار	۱۰ ۶ار	۹ ۶ار	
ارہر	۱۲ ۶ار		۱۵ ۶ار	۰	۱۴ ۶ار	۱۵ ۶ار	
برنج	۶ ۶ار		۶ ۶ار	۶ ۶ار	۷ ۶ار	۷ ۶ار	
روغن زرد	۰ ۶ار		۰	۰	۰ ۶ار	۰ ۶ار	
روغن سیاہ	۲ ۶ار		۲ ۶ار	۲ ۶ار	۲ ۶ار	۲ ۶ار	
روغن کنجد	۱ ۶ار		۱ ۶ار	۱ ۶ار	۱ ۶ار	۱ ۶ار	
نمک لاہوری	۶ ۶ار		۱۲ ۶ار	۸ ۶ار	۱۱ ۶ار	۹ ۶ار	
نمک سانبھر	۱۰ ۶ار		۱۴ ۶ار	۱۱ ۶ار	۱۳ ۶ار	۱۴ ۶ار	
قند سیاہ	۴ ۶ار		۴ ۶ار	۴ ۶ار	۴ ۶ار	۴ ۶ار	
باجرہ	۸ ۶ار		۰	۰	۱۲ ۶ار	۰	

(اسٹیٹ پریس رامپور)